© rasailojaraid.com



# رئیس التحریر کی ڈاک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکرم محترم چوہدری محمد یاسین ظفر صاحب حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے آپ کے مزاج گرامی بخیر ہوں گے' آپ نے دوبارہ ترجمان الحدیث کا اجراء کر دیا ہے اس پر آپ میری طرف سے مبارکباد قبول فرمایئے۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ یہ رسالہ جاری وساری رکھیں کیونکہ فی زمانہ نشرواشاعت کے سلسلہ میں اپنا ہی آرگن مفید ہوتا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو استقامت عطا فرمائے' کہ یہ رسالہ جاری رہے اور دین اسلام کی نشرواشاعت اور مسلک اہلحدیث کی ترقی وترویج میں معاون ثابت ہو۔

دوسری آپ سے درخواست ہے کہ ترجمان الحدیث کا جوبلی نمبر جس کے مضامین آپ کے پاس محفوظ ہیں اس کی اشاعت پر خاص توجہ فرمائیں۔

والسلام مع الکرام

عبدالرشید عراقی

01-02-2012

☆☆☆☆☆

محترم جناب فضیلۃ الشیخ پروفیسر یاسین ظفر صاحب حفظکم اللہ ودیر عاکم

مدیر اعلیٰ ترجمان الحدیث فیصل آباد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کافی عرصہ بعد جب ''ترجمان الحدیث'' رسالہ ملا تو اتنی خوشی ہوئی کہ دل چاہا کہ رسالہ کے عہدیداران کو مبارکباد پیش کروں کیونکہ یہ جماعت اہلحدیث کا وہ مؤقر رسالہ ہے جس نے ہمیشہ قرآن و سنت کی بات تحریر کی' اعتدال کی راہ کو ہمیشہ اپنایا کیوں کہ عناد اور تعصب قوم کے لئے زہر ہلاہل کی حیثیت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رکھتا ہے' اس رسالہ نے ہمیشہ جماعتی نظم ونسق کی ترجمانی کی حالات کے لحاظ سے عوام الناس کو اچھے اور تحقیقی مضامین پڑھنے کو دیئے لیکن گذشتہ دو برسوں سے یہ سلسلہ منقطع تھا جس کا احساس مجھے تو بہت تھا یقیناً دیگر قارئین کرام کو بھی ہوگا اب ہم کو چاہیے کہ پروفیسر صاحب (چودھری محمد یٰسین ظفر) اور یزدانی صاحب (فاروق الرحمٰن یزدانی) کے لئے خصوصی دعا کریں کہ وہ اس سلسلہ کو دوام کے ساتھ جاری وساری رکھ سکے اور ہماری دعائیں ''ترجمان الحدیث'' اور اس کے تمام رفقاء کے لئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو دین حنیف کی مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ (آمین) آخر میں ایک مشورہ ہے کہ ''جامعہ سلفیہ'' جماعت کا قدیمی ادارہ ہے جہاں سے سینکڑوں فتاوی جاری ہوئے ہیں اگر ان فتاوی کو مرتب کر کے ہر ماہ رسالہ میں طبع ہو جائیں تو یہ ہمارے لئے نعمت غیر مترقبہ ہوگی۔

اور اسی طرح ایک کالم ''طلباء کارنر'' کے نام سے شروع کردیں جس میں جامعات کے طلبہ اپنے مضامین ارسال کرسکیں جس سے طلباء میں پڑھنے اور لکھنے کا شعور بیدار ہوگا''

اسی طرح مخیر حضرات سے بھی گذارش ہے کہ وہ اس پودے کی حفاظت فرمائیں جس کو جماعت اہلحدیث کے عظیم خطیب علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمۃ اللہ علیہ نے 1969ء میں لگایا تھا قریب تھا کہ وہ درخت گر جاتا لیکن پروفیسر صاحب اور یزدانی صاحب کے عزم نے اس کی دوبارہ آبیاری کی اور پھر سے یہ سرسبز وشاداب ہو گیا اور ان شاء اللہ یہ ہمیشہ لہراتا رہے گا اگر اس کو کھاد ملتی رہی (اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو)

والسلام

اخوکم فی الدین افتخار احمد الازہری جامعہ بحر العلوم السّلفیہ میرپور خاص۔ سندھ

02-02-2012

## اظہار تشکر

ہمارے بہت سے کرم فرماؤں اور عزیز قارئین نے ماہنامہ ترجمان الحدیث کی دوبارہ اشاعت پر خوشی کا اظہار فرمایا بہت سے احباب نے بنفس نفیس یا بذریعہ فون اور ایس ایم ایس مبارک کے پیغام دیئے اور نیک تمناؤں کا اظہار فرمایا خطوط کا سلسلہ بھی جاری ہے ہم اپنے تمام بہی خواہوں کا ان سطور میں شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہماری حوصلہ افزائی فرمائی نیز دعاؤں کی درخواست کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین (ادارہ)

© rasailojaraid.com